Alberta Government

خبروں کا اعلامیہ

البرٹا کے اعلیٰ ترین اعزاز کے لیے نامزدگیوں کا آغاز ہوگیا ہے

4 جنوری، 2024

البرٹنزکی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ البرٹا آرڈر آف ایکسی لینس (Alberta Order of Excellence) میں ممبرشپ کے لیے نمایاں کمیونٹی ممبران، رہنماؤں اور اختراع کاروں کو نامزد کریں۔

یہ آرڈر صوبے کا سب سے بڑا اعزاز ہے اور ان شہریوں کو تسلیم کرتا ہے جنھوں نے اپنی کمیونٹیز کے لیے اہم اور دیرپا تعاون کیا ہے۔ اراکین میں اولمپینز(Olympians) ، سائنسدان، رضاکار، کاروباری رہنما اور فنکار شامل ہیں۔ 1979 میں البرٹا آرڈر آف ایکسی لینس (Alberta Order of Excellence) کے قیام کے بعد سے 212 البرٹنز کو اس اعزازسےنوازا گیا ہے۔

نامزدگیوں کو سال بھر قبول کیا جاتا ہے، لیکن اس سال کی عطا کاری کے لیے غور کرنے کے لیے 15 فروری تک نامزدگیوں کا موصول ہونا ضروری ہے۔

لازمی ہے کہ نامزد افراد کینیڈا کے شہری ہوں، جوکہ اس وقت البرٹا میں مقیم ہوں اور، اگر منتخب کیے گئے تو، ضروری ہے کہ وہ عطا کاری کی تقریب میں شرکت کرنے کے قابل ہوں۔ لوگ خود کو، اپنے شریک حیات یا اپنے قریبی خاندان کے کسی رکن کو نامزد نہیں کر سکتے۔

آرڈر کے بارے میں معلومات، بشمول نامزدگی کے رہنما اصول، نامزدگی کے فارمس اور سابقہ شامل افراد کی سوانح حیات البرٹا آرڈر آف ایکسیلنس (Alberta Order of Excellence) کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

780-449-0517 پر کال کرکے بھی معلومات دستیاب ہیں۔

متعلقہ معلومات

- البرٹا آرڈر آف ایکسیلنس (Alberta Order of Excellence)

میڈیا سے پوچھ گچھ

گیری جی. مار Gary G. Mar
mar@cwf.ca
587-897-3311
صدر(Chair)،
البرٹا آرڈر آف ایکسیلنس کاؤنسل (Alberta Order of Excellence Council)
(انٹرویوز ترتیب دینے کے لیے
mccaw@cwf.ca پرای میل کریں)

گیل اسٹینرڈ Gayle Stannard
gaylest@telus.net
780-953-4020
ایکزیکیوٹیو ڈائریکٹر (Executive Director)
البرٹا آرڈر آف ایکسیلنس (Alberta Order of Excellence)

درجہ بندی: پبلک